روزنامہ
الفضل
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعہ 17 اکتوبر 2008ء 17 شوال 1429 ہجری 17 اخاء 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 237

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

استغفار کے حقیقی معنے یہ ہیں کہ ہر ایک لغزش اور قصور جو بوجہ ضعف بشریت انسان سے صادر ہوسکتی ہے اس امکانی کمزوری کو دور کرنے کے لئے خدا سے مدد مانگی جائے تا خدا کے فضل سے وہ کمزوری ظہور میں نہ آوے۔ اور مستور و مخفی رہے۔ پھر بعد اس کے استغفار کے معنے عام لوگوں کے لئے وسیع کئے گئے اور یہ امر بھی استغفار میں داخل ہوا کہ جو کچھ لغزش اور قصور صادر ہو چکا خدا تعالیٰ اس کے بد نتائج اور زہریلی تاثیروں سے دنیا اور آخرت میں محفوظ رکھے۔ پس نجات حقیقی کا سرچشمہ محبت ذاتی خدائے عزوجل کی ہے جو عجز و نیاز اور دائمی استغفار کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ کی محبت کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ اور جب انسان کمال درجہ تک اپنی محبت کو پہنچاتا ہے۔ اور محبت کی آگ سے اپنے جذبات نفسانیت کو جلا دیتا ہے تب یکدفعہ ایک شعلہ کی طرح خدا تعالیٰ کی محبت جو خدا تعالیٰ اس سے کرتا ہے اس کے دل پر گرتی ہے۔ اور اس کو سفلی زندگی کے گندوں سے باہر لے آتی ہے اور خدائے حیّ وقیوم کی پاکیزگی کا رنگ اس کے نفس پر چڑھ جاتا ہے بلکہ تمام صفات الٰہیہ سے ظلی طور پر اس کو حصہ ملتا ہے۔ تب وہ تجلیات الٰہیہ کا مظہر ہو جاتا ہے اور جو کچھ ربوبیت کے ازلی خزانہ میں مکتوم و مستور ہے اس کے ذریعہ سے وہ اسرار دنیا میں ظاہر ہوتے ہیں۔ چونکہ وہ خدا جس نے اس دنیا کو پیدا کیا ہے بخیل نہیں ہے بلکہ اس کے فیوض دائمی ہیں۔ اس کے اسماء اور صفات کبھی معطل نہیں ہو سکتے۔ اس لئے وہ بشرط تقویٰ اور مجاہدہ جو کچھ اولین کو دیا ہے وہ آخرین کو بھی دیتا ہے۔ جیسا کہ خود اس نے قرآن شریف میں یہ دعا سکھلائی ہے۔ (۔) یعنی اے ہمارے خدا! ہمیں وہ سیدھی راہ دکھلا جو ان لوگوں کی راہ ہے جن پر تیرا فضل اور انعام ہوا۔ اس آیت کے یہ معنے ہیں کہ وہی فضل اور انعام جو تمام نبیوں اور صدیقوں پر پہلے ہو چکا ہے وہ ہم پر بھی کر اور کسی فضل سے ہمیں محروم نہ رکھ۔ یہ آیت اس امت کو اس قدر عظیم الشان امید دلاتی ہے جس میں گزشتہ امتیں شریک نہیں ہیں۔ کیونکہ تمام انبیاء کے متفرق کمالات تھے۔ اور متفرق طور پر ان پر فضل اور انعام ہوا۔ اب اس امت کو یہ دعا سکھلائی گئی کہ ان تمام متفرق کمالات کو مجھ سے طلب کرو۔ پس ظاہر ہے کہ جب متفرق کمالات ایک جگہ جمع ہو جائیں گے تو وہ مجموعہ متفرق کی نسبت بہت بڑھ جائے گا۔ اسی بناء پر کہا گیا کہ (۔) یعنی تم اپنے کمالات کے رو سے سب امتوں سے بہتر ہو۔

(چشمہ مسیحی۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 380)

آندھی کے وقت دعا

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ جب آندھی آتی تو آنحضرت ﷺ یہ دعا کرتے:

اے اللہ میں تجھ سے اس کے خیر کے پہلو طلب کرتا ہوں اور وہ خیر بھی جو اس میں ہے اور جس کے لئے اسے بھیجا گیا ہے اور میں اس کے شر سے پناہ چاہتا ہوں اور اس شر سے بھی جو اس میں مخفی ہے اور جس شر کے ساتھ اسے بھیجا گیا ہے۔

(صحیح مسلم کتاب صلوۃ الاستسقاء باب التعوذ عند رویۃ الریح حدیث نمبر 1496)

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ''مریم شادی فنڈ'' ہے۔ مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

''اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جا سکے گا۔''

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

ہڈیوں کے ٹیسٹ کیلئے فری کیمپ

مورخہ 21 اکتوبر 2008ء کو صبح 9:00 بجے تا دوپہر 2:00 بجے فضل عمر ہسپتال میں (BMD) Bone Mineral Density کو جانچنے کیلئے فری کیمپ لگایا جا رہا ہے۔ اس سے انسانی جسم میں ہڈیوں میں کیلشیم کی کمی اور Osteo Prosis کو بخوبی جانچا جا سکتا ہے۔ یہ کیمپ آؤٹ ڈور گراؤنڈ میں لگایا جائے گا۔ احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ اس سے استفادہ کیلئے تشریف لائیں اس کے لئے پرچی بنوانا ضروری نہیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

تحریک وصیت عطیہ چشم میں حصہ لے کر ثواب دارین حاصل کریں۔

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 504

شہزادہ کابل سید عبداللطیف کی بارگاہ الٰہی میں آخری دعا

ریاست کابل کی جلیل الشان اور برگزیدہ ہستی حضرت مولانا شہزادہ سید عبداللطیف قیام سلسلہ احمدیہ کے چھٹے سال 1894ء میں امام الزماں کے دامن عقیدت سے وابستہ ہوئے اور چودھویں سال 14 جولائی 1903ء کو راہ حق میں فدا ہو گئے۔ حضرت مسیح موعود نے ''تذکرۃ الشہادتین'' میں آپ کو سرفروشان احمدیت کا قافلہ سالار قرار دیتے ہوئے نہایت درد بھرے الفاظ میں تحریر فرمایا:۔

''افسوس کہ یہ امیر (کابل) زیر آیت من یقتل مومنا ....داخل ہو گیا اور ایک ذرہ خدا تعالیٰ کا خوف نہ کیا اور مومن بھی ایسا مومن کہ اگر کابل کی تمام سرزمین میں اس کی نظیر تلاش کی جائے تو تلاش کرنا لاحاصل ہے۔ ایسے لوگ اکسیر احمر کے حکم میں ہیں۔ جو صدق دل سے ایمان اور حق کے لئے جان بھی فدا کرتے ہیں اور زن و فرزند کی کچھ بھی پرواہ نہیں کرتے۔ **اے عبداللطیف تیرے پر ہزاروں رحمتیں کہ تو نے میری زندگی میں ہی اپنے صدق کا نمونہ دکھایا۔''**

(تذکرۃ الشہادتین روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 60)

اس کتاب کے آغاز میں حضرت شہزادہ عبداللطیف کے قیام قادیان دارالامان کا تذکرہ کرتے ہوئے حضور نے حلفاً تحریر فرمایا

''جب مجھ سے ان کی ملاقات ہوئی تو قسم اس خدا کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ میں نے ان کو اپنی پیروی اور اپنے دعویٰ کی تصدیق میں ایسا فنا شدہ پایا کہ جس سے بڑھ کر انسان کے لئے ممکن نہیں اور جیسا کہ ایک شیشہ عطر سے بھرا ہوا ہوتا ہے۔ ایسا ہی میں نے ان کو اپنی محبت سے بھرا ہوا پایا اور جیسا کہ ان کا چہرہ نورانی تھا ایسا ہی ان کا دل مجھے نورانی معلوم ہوتا تھا۔ اس بزرگ مرحوم میں نہایت قابل رشک یہ صفت تھی کہ درحقیقت وہ دین کو دنیا پر مقدم رکھتا تھا اور درحقیقت ان راستبازوں میں سے تھا جو خدا سے ڈر کر اپنے تقویٰ اور اطاعت الٰہی کو انتہا تک پہنچاتے ہیں **اور خدا کے خوش کرنے کے لئے اور اس کی رضا حاصل کرنے کے لئے اپنی جان اور عزت اور مال کو ایک ناکارہ خس و خاشاک کی طرح اپنے ہاتھ سے چھوڑ دینے کو طیار ہوتے ہیں۔ اس کی ایمانی قوت اس قدر بڑھی ہوئی تھی کہ اگر میں اس کو ایک بڑے سے بڑے پہاڑ سے تشبیہ دوں تو میں ڈرتا ہوں کہ میری تشبیہ ناقص نہ ہو۔''**

(تذکرۃ الشہادتین روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 10)

حضرت اقدس نے کتاب کے آخر میں حضرت صاحبزادہ سید عبداللطیف کے خاص شاگرد حضرت سید احمد نور کابلی کے حوالہ سے انکشاف فرمایا ہے جب آخری بار آپ کو ظالم وسفاک امیر عبدالرحمٰن کی طرف سے بحالت ''تائب'' نہ ہونے کے سنگسار کرنے کی دھمکی دی گئی تو آپ کو یقین ہو گیا کہ اب آپ اپنے محبوب ازلی کی آغوش رحمت میں جانے والے ہیں تو اس عاشق قرآن نے فوراً کتاب کی دعا ربنا لاتزغ۔ (آل عمران:9) پڑھی جس کا ترجمہ حضرت مسیح موعود کے مبارک الفاظ میں یہ ہے اے ہمارے خدا ہمارے دل کو لغزش سے بچا اور بعد اس کے جو تو نے ہدایت دی ہمیں پھسلنے سے محفوظ رکھ اور اپنے پاس سے ہمیں رحمت عنایت کر کیونکہ ہر ایک رحمت کو تو ہی بخشتا ہے۔

اس دعا کے بعد آپ پر پتھروں کی بارش ہو گئی جس پر آپ نے دوسری اور آخری بار قرآنی دعا پڑھی انت ولی فی الدنیا (یوسف:103) پڑھی یعنی ''اے میرے خدا تو دنیا اور آخرت میں میرا متولّی ہے مجھے.......... پر وفات دے اور اپنے نیک بندوں کے ساتھ ملا دے''۔

(تذکرۃ الشہادتین۔ روحانی خزائن جلد 20 ص 127)

اس آخری دعا کے بعد ہزاروں پتھر اس مقدس اور خدا نما وجود پر پڑنے لگے اور تماشائیوں میں سے کوئی ایسا نہ تھا جس نے آپ پر پتھر نہ پھینکا ہو یہاں تک کہ اس کثرت سے سنگباری ہوئی حضرت مولانا سید عبداللطیف کے سر پر بالفاظ مسیح موعود ''ایک کوٹھا پتھروں کا جمع ہو گیا''۔

(تذکرۃ الشہادتین روحانی خزائن جلد 20 ص 59)

حضرت اقدس اللہ جلشانہ اور اس کی پاک کتاب کے فدائیوں اور شیدائیوں کی باطنی کیفیت پر روشنی ڈالتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں:۔

''لاکھوں مقدسوں کا یہ تجربہ ہے کہ قرآن شریف کے اتباع سے برکات الٰہی دل پر نازل ہوتی ہیں اور ایک عجیب پیوند مولیٰ کریم سے ہو جاتا ہے خدائے تعالیٰ کے انوار اور الہام ان کے دلوں پر اترتے ہیں اور معارف اور نکات ان کے مونہہ سے نکلتے ہیں ایک قوی توکل ان کو عطا ہوتی ہے اور ایک محکم یقین ان کو دیا جاتا ہے اور ایک لذیذ محبت الٰہی جو لذت وصال سے پرورش یاب ہے ان کے دلوں میں رکھی جاتی ہے اگر ان کے وجودوں کو ہاون مصائب میں پیسا جائے اور سخت شکنجوں میں دے کر نچوڑا جائے تو ان کا عرق بجز حُبِّ الٰہی کے اور کچھ نہیں۔''

(سرمہ چشم آریہ روحانی خزائن جلد 2 صفحہ 79 حاشیہ)

حضرت مسیح موعود نے حضرت مولانا سید عبداللطیف کی عدیم المثال شان کی نسبت ایک بصیرت افروز قصیدہ رقم فرمایا جس میں آپ کو زبردست خراج تحسین ادا کرتے ہوئے لکھا

صدؔ ہزاراں فرسخے تا کوئے یار
دشت پُر خار و بلایش صد ہزار
بنگر آں شوخی ازاں شیخ عجم
ایں بیاباں، کرد طے از یک قدم

یعنی کوچہ یار میں لاکھوں کوس تک کانٹوں کے جنگل ہیں اور ان میں لاکھوں بلائیں موجود ہیں۔ اس شیخ عجم کی یہ شوخی دیکھ کہ اس نے بیابان کو ایک ہی قدم میں طے کر لیا۔

☆......☆......☆

دلِ مراد جگمگا اٹھا

لکھے تھے جو حروفِ عشق باریاب ہو گئے
مری وفا، مرا قلم، مری کتاب ہو گئے

نگار خانۂ دلِ مراد جگمگا اُٹھا
کبھی جو آ کے بام پر وہ بے نقاب ہو گئے

مرے عُدو نے سو برس ملامتوں میں کھو دیئے
جو بے نشان، بے اثر تھے، بے حساب ہو گئے

جنہیں غرورِ علم و آگہی تھا، راہ بھٹک گئے
انہی کو منزلیں ملیں جو ہمرکاب ہو گئے

جو بدگماں تھے جل بجھے ہیں حسرتوں کی راکھ میں
جو خواہشیں تھیں، ولولے تھے، سب حُباب ہو گئے

ہوائے دہر بھی چراغِ عشق نہ بجھا سکی
سرفراز طورِ غم وہ آفتاب ہو گئے

اخیر شب ہے جاگتے رہو، کوئی نہ کہہ سکے
سحر قریب تھی تو یار محوِ خواب ہو گئے

ڈاکٹر فضل الرحمٰن بشیر

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم ریاض احمد ملک صاحب

ایک تاریخی گاؤں دوالمیال میں جماعت احمدیہ کی تاریخ

کلر کہار اور کھیوڑہ کے درمیان واقع اس گاؤں میں احمدیت کا آغاز حضرت مسیح موعود کے دور میں ہوا

سلسلہ کوہستان نمک میں دوالمیال گاؤں، ضلع چکوال کی وادی کہون، معدنی دولت سے مالا مال، کوئلہ کی ذخیرہ کی بہتات۔ نہایت زرخیز۔ قدرتی مناظر اور پرانی تہذیب وثقافت اپنے اندر سمیٹے ہوئے ہے۔ اس علاقہ ہون میں کٹاس کے مقام پر کوروؤں اور پانڈوؤں کے آثار۔ بدھ مت۔ اشوکا اور جین مت کے اسٹوپے۔ ہندوؤں کی پرانی مذہبی اور لسانی یونیورسٹی کے آثار۔ سنگھاپورہ شہر کے آثار۔ قلعہ ملوٹ۔ شیوگنگا دورتا۔ بھالہ۔ رکھ رام۔ کے تاریخی آثار۔ کٹاس کے چشموں کا رواں دواں پانی۔ کلر کہار کی نمکین جھیل اور دلفریب نظارے۔ شہنشاہِ بابر کا تاریخی تخت بابری اور باغ صفا۔ یہ علاقہ سیاحوں کی جنت ہے۔ اس علاقہ کی خوبصورتی کو دیکھتے ہوئے اس علاقہ کو بابر نے اپنی تزک بابری میں بچۂ کشمیر کا نام دیا ہے اور اس علاقہ کو نیشنل نیچرل پارک بنانے کا منصوبہ تھا۔ وہ منصوبہ تو جاتا رہا۔ اب یہاں سیمنٹ کے کارخانے بنائے گئے ہیں اس علاقہ میں فضائی آلودگی۔ شور کی آلودگی۔ گردوغبار کے بادلوں سے پُر اور قدرتی حسن سیمنٹ کے کارخانوں کی بدولت ختم ہونے کا خطرہ ہے۔

اس علاقہ کہون کا ایک چھوٹا سا مگر مشہور تاریخی گاؤں ''دوالمیال'' کلر کہار سے مشرق میں چوآ سیدن شاہ روڈ پر تقریباً 25 کلو میٹر پر۔ کھیوڑہ سے شمال مغرب کی جانب 24 کلو میٹر۔ چوآ سیدن شاہ سے جانب مغرب تقریباً 10 کلو میٹر۔ سطح سمندر سے 2500 فٹ بلند سبزہ زار وادئ کہون میں آباد ہے۔

دوالمیال دو لفظوں کا مجموعہ ہے ''دولمی'' اور آل''

''یعنی دولمی کی اولاد۔ دوالمیال گاؤں کے جد امجد کا نام دولمی ہے۔ جن کا شجرۂ نسب ان کے جدامجد قوم اعوان ''قطب شاہ عون'' سے ہوتا ہوا حضرت علیؓ سے جاملتا ہے۔ علاقہ کہون کے تین گاؤں۔ دوالمیال، دولمی بزرگ نے گاؤں تترال، گگن بزرگ نے وعولہ گاؤں، ماسمن بزرگ نے آباد کیا یہ تینوں شہاب الدین محمد غوری کے ساتھ آئے تھے۔ آپ تینوں اس کی فوج کے سردار تھے۔ جنہوں نے اس علاقہ کہون میں بس کر دین حق کا بول بالا کیا اور یہاں کے ہندوؤں کو مسلمان بنایا۔

دوالمیال گاؤں کی وجۂ شہرت دو ہیں۔

نمبر ایک ''توپ انعام یافتہ گاؤں''

پہلی جنگ عظیم میں دوالمیال سے 460 آدمیوں نے حصہ لیا۔ جن میں سے 100 سے زیادہ وائسرائے کمیشنڈ آفیسرز تھے۔ جن میں سب سے سینئر آفیسر کیپٹن غلام محمد ملک تھے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ پہلی جنگ عظیم میں تمام کامن ویلتھ ممالک میں دو توپیں انعام میں دی گئی تھیں۔ ایک توپ یورپ میں سکاٹ لینڈ کے ایک گاؤں کو انعام میں ملی تھی اور دوسری توپ ایشیا میں دوالمیال گاؤں کے بہادر سپوتوں کو ملی اور اس توپ کو لے کر آنے والے اور اس کو قریۂ دوالمیال میں اپنے تالاب کے اوپر سجانے والے کیپٹن غلام محمد ملک تھے اور وہ انعامی توپ اب بھی بڑی شان سے دوالمیال کے بڑے تالاب کے کنارے نصب ہمارے آباؤاجداد کی بہادری کی داستان اور ان کی شان و شوکت کی امین ہے اور ڈاکٹر لیاقت علی خان نیازی سابق ڈپٹی کمشنر چکوال نے اپنی تصنیف کردہ ''تاریخ چکوال'' کے سرورق پر اسی توپ کی تصویر کو سجا کر اس کی اہمیت کو اور زیادہ اجاگر کیا ہے۔

دوسری وجۂ شہرت

جو اس سے بھی اہم ہے کہ حضرت مسیح موعود کے زمانہ میں جب قادیان کی گمنام بستی سے ایک کرن پھوٹی۔ ایک روشنی ابھری۔ ایک چراغ جلا۔ ایک شمع روشن ہوئی اور جہاں شمع ہوگی وہاں پروانے پہنچ ہی جائیں گے۔ پروانوں کی زندگی کا واحد مقصد شمع کے گرد طواف کرنا ہے۔ اس کا قرب حاصل کرنا ہے ایسا ہی قریۂ دوالمیال میں ہوا۔ شمع روشن ہوئی۔ تو پروانوں نے ادھر کا رخ کیا۔ وہ پروانے جنہوں نے اس شمع پر فدا ہو جانا اپنی زندگی کا مقصد سمجھا کیا جذبہ تھا۔ کیا سوز تھا۔ کیا ولولہ۔ کیا شوق۔ ہر پروانہ اس شمع کی قربت کا مشتاق۔ ہر عاشق اس پر فدا ہونے کو تیار اور اس سنگلاخ پہاڑوں میں گھرا ہوا گاؤں دوالمیال۔ قادیان سے بہت دور دل عشق مسیح موعود سے پُر۔ اس گاؤں سے 63 کے قریب رفقاء حضرت مسیح موعود نے قادیان کا سفر کیا بعض نے پیدل سفر کر کے راستے کی صعوبتیں سہہ سہہ کر قادیان حضرت مسیح موعود بانی سلسلہ احمدیہ کی زیارت کی اور ان کی صداقت پر آمنا وصدقنا کہا۔ احمدیت کا نور اس گاؤں دوالمیال میں حضرت مسیح موعود کے زمانے میں زندہ نشانوں سے پھیلا۔ اس گاؤں کے لوگوں نے نشانات اور معجزات کو اپنی آنکھوں سے دیکھا۔

جس مخالف نے حضرت مسیح موعود کی مخالفت کی تھی۔ وہ خود اسی سال طاعون کی نذر ہوا۔ یہ غالباً 1904ء کی طاعون کا واقعہ ہے اور حضرت مسیح موعود کی کتاب ''حقیقۃ الوحی'' میں اس نشان کو خود حضرت مسیح موعود نے درج فرمایا ہے۔

دوالمیال کے سب سے پہلے احمدی حضرت حافظ ملک شہباز خان تھے جنہوں نے ایک رویا میں دیکھا کہ مشرق سے اک نور ابھرا ہے اور اس نے سارے آسمان کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ پس اس مردِ حق نے جب یہ سنا کہ قادیان جو دوالمیال سے مشرق کی جانب ہے میں ایک شخص نے امام مہدی ہونے کا دعویٰ کیا ہے تو آپ نے بلا تامل کہا کہ وہ دعویٰ میں سچا ہے اور میں اس پر ایمان لاتا ہوں اور یوں آپ کو دوالمیال میں سب سے پہلے حضرت مسیح موعود کی آواز پر آمنا وصدقنا کہنے کا شرف حاصل ہوا۔ اس گاؤں کے کیپٹن عطاء اللہ ظہور احمد نے قادیان سے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی ہجرت کے وقت گارڈ کے فرائض سرانجام دیئے اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے لندن سے قادیان جلسہ سالانہ پر آنے کے موقع پر ملک اشفاق احمد کو گارڈ کی حیثیت سے خدمت کا موقع ملا۔

دوالمیال میں حضرت مسیح موعود کے زمانے میں جماعت احمدیہ قائم ہوئی۔ یہ اللہ تعالیٰ کا خاص فضل ہے کہ اس وقت ان رفقاء حضرت مسیح موعود کے پاس اپنی احمدیہ دارالذکر موجود تھی۔ خاکسار کو مکرم ملک ممتاز احمد صاحب سابق امیر جماعت ہائے احمدیہ ضلع چکوال نے بتایا کہ غالباً اس وقت کسی دور دراز علاقہ میں صرف واحد جماعت احمدیہ دوالمیال تھی جس کے پاس اپنی احمدیہ دارالذکر تھی۔

اس کے بعد اس رفقاء حضرت مسیح موعود کی جماعت نے عشق ومحبت کی داستان رقم کرتے ہوئے 1927ء میں منارۃ المسیح کی طرز کا ایک منارہ بنانے کی ٹھان لی اور جماعت احمدیہ دوالمیال کے پہلے امیر حضرت مولوی کرم داد صاحب کی قیادت میں اس کام کی ابتدا کر دی اور مستری غلام محمد (احمدی) ساکن دوالمیال کو پہلے قادیان بھیجا انہوں نے جا کر منارۃ المسیح کا خود معائنہ کرنے کے بعد 16 لکڑی کے بالوں اور 16 تختوں سے منارۃ المسیح کی طرز کا ایک مینار بنا کر سب کو ورطۂ حیرت میں ڈال دیا۔ خاکسار کو جلسہ سالانہ قادیان 2006ء پر جانے کی سعادت نصیب ہوئی تو جب خاکسار نے اس منارۃ المسیح قادیان کو اندر اور اوپر چڑھ کر بغور دیکھا تو مجھے بھی بہت حیرت ہوئی کہ مکرم مستری غلام محمد صاحب نے اس کی ہو بہو نقل کی ہے اور ہوا اور روشنی کے سوراخ بھی اسی طرح نقل کئے ہیں۔ یہ احمدیہ دارالذکر کا مینار بہت دور سے احمدیہ دارالذکر کی نشاندہی کرتا ہے اور یہ احمدیت سے ہمارے آباؤاجداد کے عشق ومحبت کو ظاہر کرتا ہے۔ اس مینار کی بنیادیں حضرت مسیح موعود کے رفقاء نے اپنے ہاتھوں سے کھودی تھیں اور اس پر انہوں نے خود مزدوری بھی کی اور دو سال کی انتھک محنت کے بعد یہ مینار 1929ء میں مکمل ہوا۔ 67-1964ء اس میں احمدیہ دارالذکر کی جدید تعمیر کی گئی اور اب یہ خوبصورت بیت قابل دید ہے۔ 1991ء میں مکرم میجر ملک حبیب اللہ خان صاحب پہلے امیر جماعت ہائے ضلع چکوال کی زیر امارت مکرم میجر ملک احمد سرتاج صاحب کی زیر نگرانی اور مکرم ملک کپتان لعل خان صاحب سیکرٹری مال کی زیر نگرانی اس مینار کی مرمت کروائی گئی اور اس کی تزئین کے لئے اس کے اوپر سنگ مرمر لگوایا گیا اور اس کا تقریباً تمام خرچ مکرم میجر ملک حبیب اللہ صاحب نے برداشت کیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر دے آمین۔ اور اس وقت اس مینارہ پر ٹائلیں لگوانے کے لئے تقریباً اڑھائی لاکھ روپے کی شٹرنگ منگوائی گئی اور اس کو پہلی دفعہ بناتے وقت مکرم مستری غلام محمد صاحب کے پاس صرف 16 بالے اور 16 تختے تھے جس پر انہوں نے یہ مینار مکمل تعمیر کیا۔

ملک ممتاز احمد صاحب نے ذاتی قربانی سے دفاتر۔ مربی ہاؤس کی تعمیر، واٹر پمپ کی تنصیب کروائی۔

دوالمیال گاؤں کی موجودہ آبادی تقریباً دس ہزار کے قریب ہے۔ زیادہ تر آبادی ملازمت پیشہ ہے۔ اس گاؤں کی ملٹری تاریخ بہت اہمیت کی حامل ہے۔ اس گاؤں کے میجر جنرل نذیر احمد ملک کا شمار پاکستان کے پہلے جرنیلوں میں ہوتا ہے اور آپ 1948ء کی جنگ کشمیر میں کور کمانڈر تھے اور آپ کو اس جنگ کا ہیرو مانا جاتا ہے۔ اس گاؤں کے ڈاکٹر گل محمد ملک صاحب جو اس علاقہ کہون کے پہلے مومن ڈاکٹر تھے اور جنرل ایوب خان کے دور میں تحصیل کونسل کے ممبر رہے۔ اپنے گاؤں میں ریٹائرمنٹ کے بعد ہسپتال کھول کر آپ نے دکھی انسانیت کی خوب خدمت کی۔ جماعت احمدیہ دوالمیال کی بھی حتی المقدور خوب خدمت کی۔

احمدیہ دارالذکر سے ملحقہ اپنی جگہ محترمہ حاجرہ بی بی صاحبہ بیوہ ملک ضیاء احمد صاحب نے بطور عطیہ دے کر اعلیٰ قربانی کی مثال قائم کی۔ ملک محمد احمد نے احمدیہ دارالذکر دوالمیال کو 1960ء لاؤڈ سپیکر کا عطیہ دیا۔ اس وقت علاقہ بھر میں یہ پہلا لاؤڈ سپیکر تھا۔

دوالمیال میں موجودہ دور کی تقریباً تمام سہولیات موجود ہیں۔ دوالمیال میں لڑکیوں کا ایک پوسٹ گریجوایٹ کالج جو حضرت مولوی کرم داد صاحب کے گھر میں قائم ہے۔ لڑکیوں کا ایک ہائی سکول۔ لڑکوں کا مڈل اور ہائی سکول۔ ایک بنیادی مرکز صحت۔ ٹیلی فون اور سوئی گیس کی سہولت۔ دو کلو میٹر دور کٹاس میں لڑکوں کا ایک انٹر کالج۔ ایک مائننگ کالج۔ اس گاؤں کو واٹر سپلائی میجر جنرل نذیر احمد ملک میئر لاہور کارپوریشن۔ کرنل نذر محمد ملک چیئرمین کونسل دوالمیال،

ڈاکٹر گل محمد ملک ممبر تحصیل کونسل کی کوششوں سے 1962ء میں مل گئی تھی۔ اس واٹر سپلائی کا افتتاح کمشنر راولپنڈی نے کیا تھا اس زمانہ میں بڑے بڑے شہروں میں بھی واٹر سپلائی کم تھی اور واٹر سپلائی کی سکیمیں تحصیل ضلع لیول پر تھیں اور گاؤں لیول پر یہ غالباً پہلی واٹر سپلائی تھی۔ اس علاقہ کو بجلی کی سہولت بھی انہیں کی کوششوں کی بدولت ملی۔

دوالمیال میں 1925ء میں ایک این۔ جی۔ او ''مجلس فلاح دوالمیال'' کے نام پر قائم کی گئی۔ اس کے بانی کیپٹن غلام محمد ملک، لیفٹیننٹ جی ایم ملک، حضرت مولوی کرمداد صاحب (پہلے امیر جماعت احمدیہ دوالمیال)، صوبیدار فتح محمد والد میجر جنرل نذیر احمد صاحب، فتح محمد وڈا نمبردار، قاضی عبدالرحمٰن صاحب، محمد خان عرف ہنو نمبردار، ملک بہاول بخش نمبردار وغیرہ تھے۔ جب یہ مجلس فلاح دوالمیال قائم ہوئی اور لوگوں میں اپنی مدد آپ کے تحت مسائل کو حل کرنے کا شعور اور آگاہی دی گئی تو اس وقت اس گاؤں کے تمام ملازمین نے اپنے ایک ایک ماہ کی تنخواہ اس مجلس فلاح کو عطیہ کے طور پر دی تھی اور اس وقت اس مجلس فلاح کا بنک اکاؤنٹ سٹیٹ بنک آف انڈیا جہلم میں تھا۔ اس مجلس فلاح کے تحت حضرت مولوی کرمداد صاحب نے گاؤں کے جنوب میں ایک کنواں کھدوایا۔ جو اس وقت کی اہم ضرورت تھی۔ اس میں سے اب بھی گاؤں پانی استعمال کرتا ہے۔ گاؤں میں ڈاکخانہ کا اجراء کرایا۔ اس مجلس فلاح نے گاؤں کی فلاح و بہبود کے لئے بہت کام کیا اور خاص کر کے اپنی مدد آپ کے جذبہ کو ابھارا اور ایک تعمیری سوچ لوگوں میں اجاگر کی اور واٹر سپلائی بھی اسی مجلس کی کوششوں سے ملی۔ اس مجلس فلاح نے لڑکوں کے مڈل سکول کی بلڈنگ اپنی مدد آپ کے تحت تعمیر کر کے بمع فرنیچر گورنمنٹ کے حوالے کی اور اس طرح 52-1951ء میں دوالمیال میں مڈل کلاسز کا اجرا ہوا۔

1981ء کو اس کا نام سوشل ویلفیئر کمیٹی دوالمیال رکھ دیا گیا اور اس کو باقاعدہ رجسٹرڈ کروالیا گیا۔ اس کے صدر کیپٹن لعل خان اور جنرل سیکرٹری ریاض احمد ملک منتخب ہوئے۔ اس کمیٹی کی کوششوں سے دوالمیال کو سوئی گیس کی سہولت 1998ء کو مل گئی۔ اس کمیٹی کی کوششوں سے لڑکیوں کے سکول پرائمری سے ہائی کا درجہ ملا۔ بنیادی مرکز صحت کا قیام اور اس کی اپ گریڈیشن۔ محکمہ زراعت کا دفتر۔ وٹرنری سنٹر۔ کھیل کا میدان اور دوسری بہت ساری سہولیات اس گاؤں کے لئے حاصل کیں اور ان سب کے لئے مندرجہ بالا افسران کا مثالی تعاون ملا۔ فوجی فاؤنڈیشن ڈسپنسری دوالمیال کا قیام بھی افسران کی معاونت اور خاص کر کرنل مبارک احمد ملک کی کوششوں کی بدولت ہوا جنہوں نے اپنا گھر اس مقصد کے لئے پیش کیا تھا۔

گاؤں کی گلیاں تقریباً تمام پکی ہیں ان میں سے ایک کلومیٹر سے زیادہ گلیاں میجر ملک حبیب اللہ خان صاحب نے اپنے ذاتی خرچ سے پکی کروائی ہیں۔ ان گلیوں کو پکا کروانے میں لیفٹیننٹ جنرل محمد صفدر ملک گورنر پنجاب کی کوششوں کا بڑا ہاتھ ہے۔

گاؤں کے درمیان میں بڑا تالاب۔ جس کے ایک کونے میں توپ نصب اور ارد گرد درختوں کی خوبصورت قطار اور ساتھ ایک پیپل کا درخت جس کی عمر چھ سو سال سے زیادہ تنا تقریباً 31 فٹ محیط کا۔ اونچائی تقریباً 150 فٹ۔ پنجاب بھر میں اپنے تنے کی موٹائی، اونچائی، عمر اور ہیبت کے اعتبار سے دوسرے نمبر پر ہے۔ یہ پیپل کا درخت ہماری ثقافت کا امین ہے۔ اس کے سایہ میں بیٹھ کر کرم بابا کرم بخش صاحب قصہ حضرت یوسف، سیف الملوک وغیرہ پڑھ کر سناتے تھے۔ پہلے نمبر پر پنڈ کنگراں ضلع نارووال کا پیپل کا درخت ہے۔

گاؤں میں اپنی ثقافت کو سنبھالے ہوئے ایک میوزیم ملک رشید احمد کا ہے جس میں دوالمیال کے تاریخی ورثہ ۔ علاقہ کی تاریخ۔ جیالوجیکل۔ آرکیالوجیکل۔ جنیالوجیکل تاریخ اور ثقافتی ورثہ کو جمع کیا ہوا ہے۔ یہ ایک قابل دید میوزیم ہے جو کئی بار ٹیلی ویژن پر دکھایا جا چکا ہے۔ گاؤں کے لوگوں نے ایک سالٹ رینج آرکیالوجیکل اینڈ ہیریٹیج سوسائٹی قائم کی ہوئی ہے۔ جس کے چیف آرگنائیزر ملک رشید احمد، پریذیڈنٹ ریاض احمد ملک ہیں۔ اس سوسائٹی کا مقصد اپنی روایات اپنی ثقافت کو ضائع ہونے سے بچانا ہے اور اپنی تاریخ اور تاریخی چیزوں کو سنبھال کر میوزیم کی زینت بنانا ہے۔

احمدیہ دارالذکر دوالمیال کو یہ شرف حاصل ہے کہ اس میں تقریباً 63 سے زیادہ رفقاء نے نمازیں ادا کیں اور اس میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث اور حضرت خلیفۃ المسیح الرابع بھی خلافت سے پہلے تشریف فرما ہوئے اور دوالمیال کے احمدیوں کے ایمانوں کو تازہ کیا اور بہت سارے سلسلہ کے جید علما نے تشریف لا کر اس احمدیہ دارالذکر میں تقاریر کیں اور نمازیں ادا کیں۔

دوالمیال کے چار خوش نصیب موصیان بہشتی مقبرہ قادیان میں مدفون اور چار موصیان کے یادگاری کتبے نصب ہیں۔ بہشتی مقبرہ ربوہ میں دوالمیال گاؤں کے 24 خوش نصیب موصیان مدفون اور تین موصیان کے یادگاری کتبے نصب ہیں دوالمیال میں پروفیسر ملک مبارک احمد صاحب (پروفیسر جامعہ احمدیہ) فرزند قاضی عبدالرحمٰن صاحب دوسرے امیر جماعت احمدیہ دوالمیال جیسی شخصیت نے بھی جنم لیا۔ جن کی وفات پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا ''مرحوم بے شمار خوبیوں کے مالک تھے۔ عربی ادب پر پورا عبور تھا۔ تراجم اور مضامین ان کی یاد ہمیشہ تازہ رکھیں گے سلسلہ کے لئے نہایت مفید وجود تھے۔ ان کی خدمات قابل تحسین ہیں۔''

ملک اعجاز احمد۔ مائی اللہ رکھی۔ محترمہ سائرہ بیگم صاحبہ سخاوت اور مہمان نوازی کے لئے مشہور۔

اس گاؤں کے ملک مختار احمد نے ناٹنگھم سٹی (انگلینڈ) میں جسٹس آف پیس کی حیثیت سے خدمات سرانجام دیں۔ دوالمیال کے پہلے پی ایچ ڈی ڈاکٹر عبدالمنان ملک ہیں۔ دوالمیال کے پہلے چیف ملر (فلور ملز انجینئر) ملک غلام احمد۔ پہلے فلائیٹ انجینئر ملک محمود احمد۔ پہلے بی ایس سی انجینئر ملک بشیر احمد ہیں۔ اس گاؤں کے احمدی گولڈ میڈلسٹ ملک محمد خالد گولڈ میڈل ایم بی بی ایس ملک وحید احمد گولڈ میڈل الیکٹریکل انجینئرنگ۔ ملک ذوالفقار احمد گولڈ میڈل بی کام۔ مولوی فتح علی منشی فاضل امتحان ضلع بھر میں پہلی پوزیشن۔ روبینہ صاحبہ گولڈ میڈل ایم ایس سی بیالوجی۔ کوکب مظفر گولڈ میڈل ایم۔ اے۔ سیاسیات۔ غلام احمد ملک۔ الیکٹریکل ٹیکنالوجی بورڈ فرسٹ پوزیشن۔ ملک محمد اقبال ایم اے فارسی پنجاب یونیورسٹی فرسٹ پوزیشن۔ مشکور احمد ملک۔ پاکستان بھر میں پی اے ایف سکولوں میں فرسٹ پوزیشن۔

دوالمیال کے ملک اعجاز احمد نے تہران سے ڈھاکہ تک کار ریلی میں حصہ لیا اور ڈھاکہ میں دوسرے نمبر پر پہنچنے والی کار ملک اعجاز احمد کی تھی۔ کرنل بشیر احمد۔ ملک رشید احمد۔ ملک مبارک احمد۔ ملک محمد شفیع نے قادیان سے تعلیم حاصل کی۔

وہ ہمارے آباؤ اجداد جنہوں نے اس عظیم وجود حضرت مسیح موعود کی قربت پائی اور اس زمانہ میں اس عظیم فرزند کی محفلوں سے فیضیاب ہوئے اور جنہوں نے اس در سے گوہر آبدار سمیٹے وہ جنہوں نے اس رخ زیبا کے منہ سے پھول جھڑتے ہوئے دیکھے وہ کتنے خوش نصیب تھے اور پھر اس تحفہ کو ہمارے سپرد کیا۔ ہمیں اس تحفہ کی قدر کرنی چاہئے۔ آج وہ رخت سفر باندھ گئے ہیں۔ ایک ایک کر کے وہ سب رخصت ہو گئے ہیں جنہوں نے اس پاک وجود کی قربت کا اعزاز پایا۔ جن کے کان اس پر معارف آواز اور کلام سے بہرہ مند ہوئے۔ ہم بھی خوش قسمت ہیں کہ انہوں نے وہ ورثہ ہمارے حوالے کیا ہے۔ اب یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم اس ورثہ کی حتی المقدور حفاظت کریں، احمدیت اور خلافت احمدیہ سے صدق دل سے منسلک ہو کر ان ثمرات کو حاصل کرنے والے بنیں جن کی توقع ہمارے آباؤ اجداد نے ہم سے رکھی ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اور ہماری اولاد کو احمدیت پہ ثابت قدم رہنے اور خلافت احمدیہ سے منسلک رہنے اور زیادہ سے زیادہ احمدیت کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

حضرت حافظ محمد بخش صاحب
کوٹ قاضی۔ رفیق
حضرت مسیح موعود یکے از 313

بیعت: ابتدائی زمانہ میں

حضرت حافظ محمد بخش کوٹ قاضی کے تھے۔ حضرت قاضی ضیاء الدین (یکے از 313) کے ذریعہ سلسلہ احمدیہ سے تعارف ہوا اور بیعت کی۔ آپ کی بیعت ابتدائی زمانہ کی ہے۔ مزید تفصیلی سوانحی حالات نہیں مل سکے۔

التجا

سن لے مری مولیٰ دعا
میں ہوں فقیرِ بے نوا

کس سے کروں میں التجا
کوئی نہیں ترے سوا

جاؤں تو میں جاؤں کہاں
ہے اور کس کا در کھلا

کافی ہے تُو میرے لئے
تُو ہی تو ہے اک آسرا

تُو بخش دے میری خطا
کر دے معاف اے کبریا

رحم و کرم کی ہو نظر
میں ہوں ترے در کا گدا

رحمت تری ہے بے کراں
تجھ کو اسی کا واسطہ

رب عطا! میرے خدا
سن لے یہ میری التجا

اب خستہ جاں راشد کی سن
ہے دے رہا کب سے صدا

عطاء المجیب راشد

مکرم عبدالحلیم سحر صاحب

لان ٹینس (LAWN TENNIS)

ایک مقبول اور دلچسپ کھیل

﴿قسط دوم آخر﴾

لان ٹینس کا سازوسامان

سب سے پہلے ہم جال (Net) کو لیتے ہیں۔ نیٹ عام طور پر لوہے کے تار پرو کر کورٹ کی سنٹر لائن پر لکڑی کے دو قینچی نما سٹینڈوں کی مدد سے زمین پر لگی ہوئی کیلوں میں باندھ دیا جاتا ہے۔

بعض دفعہ نیٹ کو کسنے اور ڈھیلا کرنے کے لئے لوہے کے ستون بھی استعمال کئے جاتے ہیں جن میں لوہے کی سیخیں لگی ہوئی ہے۔ جسے گھمانے سے نیٹ کو مطلوبہ بلندی تک کسا جا سکتا ہے۔

لان ٹینس کھیلنے کے لئے گیند کی بیرونی سطح پر ٹانکے نہیں ہونے چاہئیں اور وہ مسطح ہونی چاہے۔ جس گیند کا اونی بور زیادہ استعمال کی وجہ سے گھس چکا ہو وہ کھیل کے قابل نہیں رہتی اور گیند کی بیرونی سطح ملائم ہو جاتی ہے اور سٹروکس کھیلنے میں دقت ہوتی ہے۔

لان ٹینس کے ریکٹ سے متعلق کوئی باقاعدہ اصول رائج نہیں ہے۔ یہ عام طور پر کھلاڑی کی ذاتی پسند پر منحصر ہوتا ہے۔ لیکن اس کے متعلق بعض معلومات درج ذیل ہیں مردوں کو عام طور پر 13.50 اور 14 اونس (337-350 گرام) کا ریکٹ استعمال کرنا چاہئے۔ عورتوں کے ریکٹ کا وزن عموماً 13 تا 13.50 اونس (325-337) گرام ہوتا ہے اگر ریکٹ معیاری وزن سے کم ہو تو سٹروک کمزور ہوتا ہے۔ ریکٹ کی گرپ عام طور پر چمڑے کی ہوتی ہے اس سے کھلاڑی مکمل طور پر ریکٹ پر گرفت رکھتا ہے۔

لان ٹینس میں آزادانہ کھیلنے اور حرکت کرنے اور بہتر کارکردگی کے لئے موزوں لباس بہت اہم ہے۔ مرد عام طور پر نیکر اور نصف بازوؤں والی بنیان استعمال کرتے ہیں۔ پسینہ جذب کرنے والا لباس زیادہ مناسب ہے عام طور پر اس کھیل میں سفید ٹی شرٹ، سفید نیکر، سفید جراب اور سفید فلیٹ بوٹ پہنے جاتے ہیں۔

پاکستان میں خواتین زیادہ تر سفید قمیص اور شلوار استعمال کرتی ہیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ ٹریک سوٹ کا استعمال بھی کافی مقبول ہو گیا ہے۔ کھیلنے سے پہلے اچھے فلیٹ بوٹ اور مناسب جرابوں کا انتخاب بہت اہم ہوتا ہے۔ اگر جرابیں موٹی اور نرم ہوں تو بہت بہتر ہوگا۔ اس کھیل میں بوٹ عام طور پر دوسرے تلے (سول) والے پہنے جاتے ہیں۔

کھیل شروع کرنے سے پہلے ٹاس کر کے فیصلہ کیا جاتا ہے کہ کون پہلے سروس کرے گا اور کونسا کھلاڑی اپنی پسند کا کورٹ لے گا۔ جو کھلاڑی ٹاس جیت جاتا ہے وہ فیصلہ کرتا ہے۔ کہ پہلے سروس کروائے گا یا اپنی پسند کی کورٹ استعمال کرے گا۔ اگر ٹاس جیتنے والا سروس کا انتخاب کرتا ہے تو دوسرے کھلاڑی کو حق ہوتا ہے کہ وہ پسند کا کورٹ لے۔

پہلی سروس کورٹ کی بیس لائن (Base Line) کے پیچھے کھڑے ہو کر دائیں والے کورٹ سے کی جاتی ہے اس کورٹ میں بیس لائن پر سنٹر مارک موجود ہوتا ہے۔ سروس، سنگلز (Base) سائیڈ لائن اور بیس لائن کے سنٹر مارک کے درمیان کھڑے ہو کر نیٹ کی دوسری طرف دائیں کورٹ میں کی جائے گی۔ ریسیور سروس لیتے ہوئے اپنے کورٹ میں کسی بھی موزوں جگہ پر کھڑا ہو سکتا ہے۔

سروس نیٹ کو بغیر چھوئے سرور کے مخالف مطلوبہ کورٹ میں ترچھی گرتے ہی کھیل کا آغاز ہو جاتا ہے اگر پہلی سروس غلط ہو جائے تو دوسری سروس کا حق ہوتا ہے اور یہ ہر سروس کے بعد (Advantage) ملتا ہے۔

سروس کرتے وقت سروس کرنے والے کو درج ذیل احتیاطیں کرنی پڑتی ہیں۔

1۔ جب تک مدمقابل کھلاڑی پوری طرح تیار نہ ہو سروس نہ کی جائے۔ ایسا کرنے کی صورت میں لیٹ (let) کی آواز دی جائے گی۔ جس سے مراد ہے کہ سروس شمار نہیں کی گئی۔ لہٰذا دوبارہ سروس کی جائے۔

2۔ ضابطہ کے مطابق گیند کو ہوا میں ہاتھ سے اُچھالا جاتا ہے۔

3۔ زمین پر آنے سے پہلے ہی گیند کو ریکٹ سے ضرب لگانی چاہئے۔ اگر سرور گیند کو ہوا میں اچھال کر اسے سٹروک نہیں لگاتا تو سروس کو لیٹ قرار دیا جاتا ہے۔ اگر وہ سٹروک کی کوشش کرتے ہوئے گیند کو ریکٹ سے نہ چھو سکے تو وہ پوائنٹ فالٹ (بے ضابطگی) سمجھا جائے گا۔

4۔ گیند کو ہٹ کرتے ہوئے سرور اپنے پاؤں سنٹر مارک کے ایک طرف رکھے گا بیس لائن یا کورٹ کے کسی بھی حصے کو اس کا پاؤں نہیں چھوئے گا۔ اگر وہ اس کے مطابق نہ کریگا تو اس کے خلاف فالٹ دے دیا جائے گا۔

5۔ سروس کرتے وقت دوڑنے یا چلنے کی اجازت نہیں ہے۔ صرف پاؤں کو ہلکی سی حرکت دینی ہوتی ہے۔

6۔ اگر سروس کرتے وقت پہلی سروس ٹھیک نہ ہو سکے تو دوسری سروس کی گنجائش موجود ہوتی ہے اگر دوسری سروس غلط ہو جائے تو پوائنٹ مخالف کھلاڑی کو مل جائے گا۔

7۔ یہ کھلاڑی اس بات کا پابند ہے کہ اپنے کورٹ میں دو مرتبہ زمین پر لگنے سے پہلے ہی گیند کو کھیل کر حریف کے کورٹ میں واپس پھینک دے ایسے درست ریٹرن کو گڈ ریٹرن کہتے ہیں۔

8۔ ہر وہ گیند جو نیٹ، پوسٹ، سینٹر سٹریپ، یا نیٹ بینڈ کو چھوتا ہوا مخالف کھلاڑی کے کورٹ میں لائینوں کے اندر گرے، گڈ ریٹرن ہوتا ہے۔

9۔ اگر گیند نیٹ پوسٹ کے باہر سے نیٹ کے اوپر والے حصے سے اُونچا یا نیچا گزرتا ہوا کورٹ کی حدود کے اندر گرے تو وہ بھی گڈ ریٹرن یعنی ضابطے کے مطابق ہوگا۔

10۔ اگر سرور سروس کردے اور ریسیور گیند کے زمین پر لگنے سے پہلے اٹھائے تو پوائنٹ سرور جیت جائے گا۔

11۔ شاٹ لگاتے ہوئے اگر گیند ریکٹ سے دو دفعہ ٹکرا جائے تو وہ پوائنٹ مخالف کھلاڑی کا ہوگا۔

12۔ اگر گیند کھیل کے دوران جسم کے کسی حصے سے ٹکرا جائے تو پوائنٹ مخالف کھلاڑی کا ہوگا۔

13۔ لائن پر لگنے والا گیند کورٹ کے اندر (Inside) سمجھا جاتا ہے۔

14۔ سروس کرنے والا ہر گیم کے اختتام کے ساتھ ہی ریسیور بن جاتا ہے اور ریسیور اگلی گیم میں سروس کرتا ہے دونوں یکے بعد دیگرے میچ کے فاتح تک سروس کرتے رہیں گے۔

15۔ کھلاڑی پہلی، تیسری، پانچویں یعنی طاق عدد والی گیموں کے بعد اپنے کورٹس تبدیل کر لیتے ہیں۔

سکورنگ یعنی پوائنٹس اس طرح شمار ہوں گے جو کھلاڑی پوائنٹ حاصل نہ کر سکے تو سکور (Love) کہلاتا ہے۔ اگر کوئی کھلاڑی (سنگلز میں) یا ڈبل میں پہلا پوائنٹ حاصل کرے تو جیتنے والے کا سکور 15 کہلائے گا۔ اگر پہلا پوائنٹ حاصل کرنے والا دوسرا پوائنٹ بھی حاصل کر لے تو اس کا سکور 30 ہو جائے گا۔ سرور کا سکور ہمیشہ پہلے پکارا جاتا ہے۔ تیسرے پوائنٹ کے سکور پر سکور 40 ہوگا۔ چوتھا پوائنٹ گیم کہلاتا ہے۔ اگر دونوں کھلاڑی تین پوائنٹس (40 آل) حاصل کریں تو سکور ڈی یوس کہلائے گا۔ ایسی صورت میں میچ جیتنے کے لئے کسی بھی کھلاڑی کو لگاتار دو پوائنٹ حاصل کرنے ہوں گے۔ اگر کھیل کے دوران ایک کھلاڑی لگاتار دو پوائنٹ حاصل نہ کر سکے اور دوسرا کھلاڑی پہلے کے بعد دوسرا پوائنٹ حاصل کر لے تو پھر گیم اس وقت تک جاری رہے گی جب تک کوئی ایک کھلاڑی مسلسل دو پوائنٹ حاصل نہ کر لے۔

وہ کھلاڑی یا جوڑا جو پہلے چھ گیمیں جیت لے وہ سیٹ جیت جائے گا۔

اگر دونوں کھلاڑیوں نے پانچ پانچ گیمیں جیتی ہوں یعنی اگر سکور 5 گیمز آل ہو تو جیتنے کے لئے دونوں میں سے کسی ایک کو اگلی دو گیمیں جیتنی لازمی ہوں گی۔

مردوں کا میچ پانچ اور عورتوں کا تین سیٹوں کا ہوتا ہے انہیں عمومی طور پر میچوں کا فیصلہ تین سیٹوں پر ہی ہوتا ہے جسے بیسٹ آف تھری کہا جاتا ہے۔

کورٹ اور نیٹ

1۔ لان ٹینس کا کورٹ مستطیل شکل کا 78 فٹ لمبا اور 27 فٹ چوڑا ہونا چاہیے۔

2۔ کورٹ کے درمیان میں ایک انچ کے تیسرے حصے یا (0.8 سنٹی میٹر) کے برابر موٹی رسی یا لوہے کے تار میں پرو یا ہو نیٹ، دو برابر حصوں میں کورٹ کو تقسیم کرے گا۔

3۔ نیٹ کے دونوں سرے 3 فٹ 6 انچ اونچے دوستونوں (نیٹ پوسٹ) کے ساتھ بندھے ہوئے ہوں یا اوپر سے گزر رہے ہوں۔ ستونوں کا رنگ ایک جیسا ہونا جائیے۔

4۔ ستونوں کی موٹائی جن پر نیٹ بندھا ہوتا ہے 6 انچ (15 س م) مربع یا قطر 6 انچ (15 س م) سے زیادہ نہیں ہونی چاہئے۔ یہ درمیان سے 3 فٹ (0.91 میٹر) دونوں طرف سے کورٹ سے باہر ہوگا۔

5۔ درمیان سے نیٹ کی بلندی 3 فٹ (0.91 میٹر) ہونی چاہئے۔ اور وہاں سفید رنگ کی 2 انچ (5 س م) چوڑی پٹی لگی ہو۔ نیٹ کی رسی یا لوہے کے تار کو کپڑے کی پٹی سے ڈھکا ہوا ہونا چاہئے۔ اس کی چوڑائی 2 انچ سے کم نہ ہو اور 2.50 سے زیادہ نہ ہو۔

6۔ کورٹ کی حدود کا تعین کرنے والی طرفین (سائڈیں) اور سروس والی لائین بالترتیب سائڈ لائین اور بیس لائین کہلاتی ہیں۔

7۔ نیٹ کے دونوں طرف اس کے متوازی اور 21 فٹ (6.40 میٹر) کے فاصلے پر سروس لائنیں کھینچی جائیں گی۔ نیٹ کے دونوں طرف سروس لائن اور سائڈ لائینوں کے درمیان والی جگہ کو ایک لائن کے ذریعے برابر حصوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ یہ سروس کورٹ کہلائیں گے اور لائن سنٹر سروس لائن کہلائے گی۔ اس کی چوڑائی 2 انچ (5 س م) ہونی چاہئے۔ یہ لائن سائڈ لائنوں کے متوازن ہوگی۔

یہ بات خاص طور پر نوٹ کرنے کے لائق ہے کہ ہر بیس لائن کے پیچھے کم از کم 21 فٹ (6.4 میٹر) اور سائڈ لائن کے ساتھ 12 فٹ (3.66 میٹر) خالی جگہ چھوڑی جاتی ہے۔

ضروری اشیاء

ٹینس کورٹ کے لیے درج ذیل اشیاء ضروری ہوتی ہیں۔ نیٹ۔ پوسٹس، سنگلز سٹکس۔ رسی یا لوہے کی تار، سٹریپ، نیٹ بینڈ، سٹینڈ، کورٹ کے گرد بیٹھنے کے لئے تماشائیوں کی نشستیں اور ان کی کرسیاں۔

اس کے علاوہ امپائر نیٹ کورڈ جج۔ فٹ فالٹ، جج۔ لائنز مین اور گیند اٹھانے والے لڑکے (پکرز) گیند کا رنگ سفید ہوتا چاہیے۔ سب گیند یکساں جسامت اور شکل کے ہونی چاہئے۔

گیند کا قطر 2.50 انچ (6.35 سم) سے زیادہ اور 6.75 س م سے کم ہو۔ گیند کا وزن 2 اونس (58.7 گرام سے زیادہ اور 58.5 گرام سے کم نہیں ہونی چاہیئے

گیند میں 53 انچ (135 سم) سے زیادہ اور 58 انچ (143 سم) سے کم اچھلنے کی صلاحیت ہونی چاہیئے۔

ہر کھیل کا آغاز دائیں کورٹ سے ہوگا۔ کورٹ یا گراؤنڈ کی شکل اس طرح ہوگی۔

SIDE LINE DOUBLES

ڈبلز کورٹ کی لمبائی سنگلز کورٹ کے مقابلے میں دونوں اطراف سے 4 فٹ 6 انچ (1.37 میٹر) زیادہ ہوتی ہے۔ ان اضافی لائنوں کو ٹینس کی زبان میں عموماً ''ٹرام'' لائنز (TRAM LINES) کہا جاتا ہے۔

تازہ صورتحال

ٹینس کی تازہ ترین صورت حال یہ ہے۔ جون 2008ء میں ہونے والے فرنچ اوپن ٹینس کا فائنل خواتین میں سربیا کی ایونوو چ نے روس کی دینا اسفینا کو شکست دیکر جیت لیا۔ اینا ایوانوچ سربیا کی جانب سے گرینڈ سلام ٹورنامنٹ جیتنے والی پہلی خاتون ہیں۔

مردوں کے فائنل میں رافیل نزال نے راجر فیڈرار کو 1-6، 3-6، 6 اور 4-6 سے شکست دیکر یہ ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ امریکہ کی وینس ولمیز نے ومبلڈن اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کا ویمن ٹائٹل جیت لیا انہوں نے فائنل میں فرانس کی مارین بارٹولی کو باآسانی سٹریٹ سیٹس میں 1-6، 4-6 سے شکست دے دی۔

جنوری 2008ء آسٹریلین اوپن ٹینس کا فائنل روس کی ماریہ شراپوا نے سربیا کی اینا آئیوانوچ کو ہرا کر جیت لیا۔ ماریہ نے شاندار کھیل پیش کرتے ہوئے اینا آئیوانچ کو سٹریٹ سیٹس میں ہرا کر 2008ء سال کا پہلا گرینڈ سلام ٹینس ٹورنامنٹ اپنے نام لکھ لیا۔

ماریا شراپوا اس سے قبل 2004ء میں ومبلڈن اور 2006ء میں یو ایس اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت چکی ہیں۔

آسٹریلین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کا مردوں کا فائنل مورخہ 27-1-2008 کو سربیا کے نوویک ڈجکو وچ اور فرانس کے ولفرڈ لسونگا کے درمیان کھیلا گیا جو بڑے سخت اور دلچسپ مقابلے کے بعد نوویک ڈجکوچ نے اپنے نام کرلیا دونوں کھلاڑیوں نے سیمی فائنلز میں ٹاپ سیڈڈ کھلاڑیوں کو اپ سیٹ کر کے ہرایا۔ پہلے سیمی فائنل میں فرانس کے جوادلفرڈ تسونگا نے سپین کے سیکنڈ سیڈڈ اور عالمی نمبر دو رافیل ندال کو شکست دی۔

جبکہ دوسرے سیمی فائنل میں سربیا کے تھرڈ سیڈ نوویک ڈجکوچ نے سوئٹزرلینڈ کے عالمی نمبر ایک ٹینس کھلاڑی راجر فیڈرر کو ہرایا۔ یہ ٹورنامنٹ کا بہت بڑا اپ سیٹ تھا۔

سال 2008ء کا ومبلڈن ٹینس ٹورنامنٹ کا فائنل سپین کے رافیل ندال اور سوئس سٹار راجر فیڈرر کے درمیان کھیلا گیا جو کہ چار گھنٹے 48 منٹ جاری رہا۔ جو کہ رافیل ندال نے سخت مقابلے کے بعد جیت لیا۔ اس سے ایک ماہ قبل ندال نے فرنچ اوپن کا فائنل بھی جیتا۔ ندال نے یہ ثابت کر دیا کہ وہ نہ صرف کلے کورٹ کا بادشاہ ہے بلکہ اب وہ گراس کورٹ کا بھی عظیم کھلاڑی ہے۔

اس زبردست فائنل کے دوران 2 دفعہ زوردار بارش ہوئی اور میچ دو دفعہ روکنا پڑا۔ یہ تاریخی نوعیت کا فائنل ندال نے 4-6، 4-6، 7-6 (7-5) 7-6 (10-8) اور 7-9 سے جیت لیا۔

ماہرین ٹینس نے اس فائنل میچ کو ومبلڈن میں کھیلے جانے والے تمام میچوں سے زیادہ عظیم ترین فائنل قرار دیا ہے اور یہ لکھا کہ ''رافیل ندال ٹینس کورٹس کا نیا بادشاہ ہے''۔ مبصرین کے مطابق یہ میچ 1980ء میں جان میکنرو اور بیون بورگ کے مابین کھیلے جانے والے فائنل میچ سے بھی زیادہ شاندار تھا۔

جیسے ہی رافیل نے یہ میچ جیتا وہ کرسیاں پھلانگتے ہوئے رائل بائس میں پہنچ گئے۔ وہاں پر سپین کے شہزادہ فلپ ان کے منتظر تھے۔ دونوں گلے ملے۔ آپ کو یاد ہو گا کہ 2008ء کا یورو کپ فٹ بال ٹورنامنٹ بھی سپین نے جیتا۔ اس کے بعد رافیل نے فرنچ اوپن اور ومبلڈن ٹورنامنٹ جیتا۔ اس طرح سپین کا نام عالمی برادری میں ممتاز ہوگیا ہے۔ فٹ بال میں سپین کو یورو کپ میں کامیابی 1964 کے بعد حاصل ہوئی۔ ادھر رافیل نے 40 سال بعد ومبلڈن ٹورنامنٹ جیتنے والے کھلاڑی کا اعزاز حاصل کیا۔ سپین کے ٹینس سٹار فیوئل سنسٹانا نے 1966 میں آخری بار ومبلڈن ٹورنامنٹ جیتا تھا۔

عورتوں کے سنگلز فائنل میں امریکہ کی ویلنس ولیمز نے اپنی بہن سیرینا ولیمز کو 5-7 اور 6-4 سے ہرا کر مسلسل پانچویں مرتبہ چیمپیئن بننے کا اعزاز حاصل کیا۔



حضرت چوہدری شرف الدین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود

یکے از 313

حضرت چوہدری شرف الدین کوٹلہ فقیر جہلم کے رہنے والے تھے۔ آپ کے بیٹے چوہدری قطب الدین (یکے از 313) کا نام انجام آتھم میں 186 نمبر پر ہے۔

آپ کی بیعت 1892ء کی ہے۔ آپ 1892ء کے جلسہ سالانہ میں بھی شامل ہوئے۔

آئینہ کمالات اسلام میں جلسہ سالانہ میں شامل ہونے والوں، تحفہ قیصریہ میں جلسہ ڈائمنڈ جوبلی اور کتاب البریہ میں پُرامن جماعت میں حضرت اقدس نے ذکر فرمایا۔

ہر قصیدہ تمہاری شان میں ہو

وہم میں تم ہو، تم گمان میں ہو
تم ہی تم بس مرے دھیان میں ہو

میں ہی میں تھا مرا مگر اب تم
میرے اور میرے درمیان میں ہو

میرا دل، دل ہو جس کی ہر دھڑکن
تیری ہر نبض کی کمان میں ہو

میرا ہو یا کسی بھی شاعر کا
ہر قصیدہ تمہاری شان میں ہو

تم ہی انجیل میں زبور میں تم
وید میں' گیتا میں' قرآن میں ہو

صنعت و فلسفہ و فن ہو تم
حرف و حس کی ہر اک اٹھان میں ہو

لمحہ بھر کے لئے زمیں پر ہو
اور پل بھر میں آسمان میں ہو

چشمِ حیراں سے تک رہا ہے عدو
تم تو ہر گھر میں ہر مکان میں ہو

اب مہکتے ہیں جسم و جاں میرے
تم تو ہر زخم کے نشان میں ہو

مجھ کو بھی بال و پر عطا کیجئے
میرا بھی ذکر داستان میں ہو

محمد مقصود احمد منیبؔ

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 87684 میں Shirin Sultana

زوجہ محمد عتیق الرحمٰن Bhuiyan قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 33 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) طلائی زیور مالیتی -/TK36000 (2) حق مہر -/TK100000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK3940 ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Shirin Sultana۔ گواہ شد نمبر 1 انعام الحق۔ گواہ شد نمبر 2 محمد ادریس

مسل نمبر 87685 میں

Md Atiqur Rahman Bhuiyan

ولد محمد خلیل الرحمٰن (مرحوم) قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 40 سال بیعت ...... ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) رہائشی جگہ مالیتی -/TK100000 (2) مکان مالیتی -/TK80000 (3) زرعی اراضی مالیتی -/TK70000 اس وقت مجھے مبلغ -/TK3270 ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ Md Atiqur Rahman۔ گواہ شد نمبر 1 انعام الحق۔ گواہ شد نمبر 2 محمد ادریس

مسل نمبر 87686 میں محمد شمس الرحمٰن

ولد عبدالکریم (مرحوم) قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 30 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-2-2 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK20000 ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد شمس الرحمٰن۔ گواہ شد نمبر 1 Khondoker.H.Haq گواہ شد نمبر 2 Abdullah Ahmad

مسل نمبر 87687 میں ولایت بیگم

بیوہ عبدالعزیز (مرحوم) قوم بھٹی پیشہ خانہ داری عمر 60 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالفضل شرقی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-6-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) جمع رقم قومی بچت -/100000 روپے (2) طلائی زیور مالیتی اندازاً -/20000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت پنشن خاوند + منافع + از بچگان مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ ولایت بیگم۔ گواہ شد نمبر 1 عبدالجلیل وصیت نمبر 65265 گواہ شد نمبر 2 حافظ عبدالمنان وصیت نمبر 64685

مسل نمبر 87688 میں مسرت پروین

زوجہ ملک مظفر احمد قوم جٹ پیشہ خانہ داری عمر 24 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالرحمت وسطی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-6-15 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر بذمہ خاوند -/20000 روپے (2) طلائی زیور ایک تولہ مالیتی اندازاً -/22000 روپے (3) سلائی مشین اندازاً مالیتی -/1000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مسرت پروین۔ گواہ شد نمبر 1 فرید احمد راشد ولد رشید احمد سلیم (مرحوم)۔ گواہ شد نمبر 2 ملک مظفر احمد خاوند موصیہ

مسل نمبر 87689 میں ملک مظفر احمد

ولد ملک شریف احمد (مرحوم) قوم ملک پیشہ ملازمت عمر ...... سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالرحمت وسطی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-6-15 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/3700 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ ملک مظفر احمد۔ گواہ شد نمبر 1 فرید احمد راشد۔ گواہ شد نمبر 2 ظہور احمد ولد چوہدری عبدالواحد (مرحوم)

مسل نمبر 87690 میں محمد اقبال

ولد محمد صدیق قوم آرائیں پیشہ زراعت عمر 43 سال بیعت 1995ء ساکن کھنگرانوالہ ضلع قصور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 08-5-26 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زرعی اراضی ایک کنال تیرہ مرلے (2) موٹر سائیکل رکشہ مالیتی -/13000 روپے (3) ایک عدد بھینس 2 عدد بکریاں۔ اس وقت مجھے مبلغ -/6000 روپے ماہوار بصورت رکشہ + آمد زمین مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد اقبال۔ گواہ شد نمبر 1 محمد سلیم شاہد ولد چوہدری باغ علی۔ گواہ شد نمبر 2 پرویز احمد ولد نصر اللہ

مسل نمبر 87691 میں اشفاق احمد بھلر

ولد چوہدری محمد صدیق قوم بھلر جٹ پیشہ ملازمت عمر 46 سال بیعت 1971ء ساکن مصطفیٰ آباد ضلع قصور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-6-7 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/8000 روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ اشفاق احمد بھلر۔ گواہ شد نمبر 1 منیر احمد کریم مربی سلسلہ۔ گواہ شد نمبر 2 کمال عبدالواحد

مسل نمبر 87692 میں ندیم احمد قمر

ولد نصیر احمد قمر قوم گجر پیشہ ملازمت عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ھندال ضلع قصور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/4000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ ندیم احمد قمر۔ گواہ شد نمبر 1 چوہدی نصیر احمد قمر ولد چوہدری غلام نبی گجر۔ گواہ شد نمبر 2 محمد ادریس جاوید ولد میاں نواب دین

مسل نمبر 87693 میں محمد اسحٰق طاہر

ولد محمد دین قوم سندھو پیشہ ملازمت عمر 56 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کوٹ تاجدین ضلع قصور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 08-5-24 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) 5 مرلہ رہائشی مکان اندازاً مالیتی -/600000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/9000 روپے ماہوار بصورت تنخواہ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تارخمنظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد اسحٰق طاہر۔ گواہ شد نمبر 1 محمد ادریس جاوید ولد نواب دین گواہ شد نمبر 2 منظور احمد ولد محمد یوسف

مسل نمبر 87694 میں عطیہ یاسمین

بنت عبدالغفور قوم سندھو پیشہ خانہ داری عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کوٹ تاجدین ضلع قصور بقائمی ہوش وحواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ عطیہ یاسمین۔ گواہ شد نمبر 1 محمد اسحٰق طاہر ولد محمد دین۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالغفور والد موصیہ

مسل نمبر 87695 میں محمد عبدالودود

ولد ڈاکٹر ایم اے رشید قوم ...... پیشہ وکالت عمر 55 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-5-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) زمین مالیتی -/TK2000000 (2) بلڈنگ مالیتی -/TK2250000 (3) متفرق -/TK50000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK10000 ماہوار بصورت وکالت مل رہے ہیں۔ اور ماہانہ کرایہ مکان مبلغ -/TK15000 آمد از جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد عبدالودود۔ گواہ شد نمبر 1 طیب رضوان۔ گواہ شد نمبر 2 فاروق احمد

مسل نمبر 87696 میں

Hasna Hena Monir

زوجہ محمد منیر حسین قوم ...... پیشہ خانہ داری عمر 35 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 08-2-18 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK500 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ Hasna Hena Monir۔ گواہ شد نمبر 1 K.I.Haque۔ گواہ شد نمبر 2 عبداللہ احمد

مسل نمبر 87697 میں محمد منیر حسین

ولد معین الدین (مرحوم) قوم ...... پیشہ ملازمت عمر 47 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر اکراہ آج بتاریخ 08-4-18 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK6600 ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد منیر حسین۔ گواہ شد نمبر 1 K.Ajmal Haque۔ گواہ شد نمبر 2 عبداللہ احمد

مسل نمبر 87698 میں رضوانہ اختر خانم

زوجہ محمد عبدالرشید قوم ...... پیشہ وکالت عمر 50 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-4-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK4000 ماہوار بصورت وکالت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ رضوانہ اختر خانم۔ گواہ شد نمبر 1 محمد عبدالرشید۔ گواہ شد نمبر 2 Md Jahidur Rahman

مسل نمبر 87699 میں محمد عبدالرشید

ولد محمد نورالنبی قوم ...... پیشہ پنشنر عمر 58 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بنگلہ دیش بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 1-4-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/TK4700 ماہوار بصورت پنشن مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ محمد عبدالرشید۔ گواہ شد نمبر 1 شاہ محمد عبدالغنی۔ گواہ شد نمبر 2 Md Jahidur Rahman

مسل نمبر 87700 میں محمد ممتاز الدین احمد

